© rasailojaraid.com

اشاعت کی تصریح بھی کر دی ہے۔ کتاب کی ٹائٹل خوبصورت، طباعت اور جلد بندی معیاری ہے۔

**غیر سید سے سیدہ عورت کا نکاح**، مؤلف: مفتی حفیظ الرحمٰن، ناشر: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی ضلع مانسہرہ، ہزارہ، صفحات: 229، قیمت: درج نہیں۔

نکاح کی صحت کے لیے اسلام نے محض ایجاب وقبول ہی کی قید نہیں لگائی، بلکہ زوجین کے بہتر اور خوشگوار مستقبل کے مفاد میں، جن بیسیوں مصالح کو دوران نکاح پیش نظر رکھنے کی ہدایت دی ہے، ان میں سے ایک ''کفاءت'' بھی ہے۔ کفاءت اسلام کے عائلی نظام کا ایک اہم جز ہے، جس میں دوران عقد مرد وعورت کے دینی واخلاقی کردار، حسب ونسب کے معیار اور ان کے معاشرتی وسماجی رتبے کی مساویانہ حیثیت کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔

کفاءت کا یہ اصول صحتِ نکاح کے لیے وجوبی ہے یا استحبابی؟ اس سلسلے میں فقہا کرام نے کیا شرائط مقرر کی ہیں؟ مؤلف نے احادیث، آثار صحابہ اور قدیم وجدید کتب فقہ کی عبارتوں کا تفصیلی تجزیہ کر کے ان سوالوں کے تفصیلی جواب دیے ہیں۔ یہ کتاب کا مرکزی موضوع نہیں، اس پر یہ تفصیلی بحث مرکزی موضوع کی مناسبت سے افادہ زائدہ کے طور پر آگئی ہے۔ بنیادی بحث جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے غیر سید سے سیدہ عورت کے نکاح کے جواز وعدم سے متعلق ہے۔ مؤلف کا موقف ہے کہ اگر اولیا خود کفاءت کا اعتبار نہ کریں تو جواز میں کوئی شبہ نہیں۔ اس موقف کی وضاحت میں مؤلف نے بڑی ٹھوس اور مدلل بحث کی ہے اور جا بجا مستند حوالوں کا اہتمام بھی کیا ہے۔ کتاب کی طباعت اور مضامین کی سیٹنگ میں سلیقہ مندی کا فقدان ہے۔ بڑے فونٹ کی کمپوزنگ سے کتاب پر ضخامت کا اضافی بوجھ لادا گیا ہے۔

**اجرت القرآن**، مؤلف: حضرت مولانا سعید الرحمٰن صاحب، ناشر: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی ضلع مانسہرہ، ہزارہ، صفحات: 256، قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں قرآن کریم کی تعلیم، تراویح میں ختم قرآن اور دیگر طاعات وعبادات پر اجرت کی شرعی حیثیت پر مؤلف نے دلائل کے ساتھ تحقیقی بحث کی ہے، انہوں نے قرآن وحدیث اور فقہاء کرام کی عبارتوں کی روشنی میں مسئلے کو عام فہم اسلوب میں بیان کیا ہے، ان کا طرز ناصحانہ بھی ہے اور محققانہ بھی! البتہ بعض مقامات پر اردو کی تذکیر وتانیث کی غلطیاں رہ گئی ہیں، کاغذ وطباعت میں معیار بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

**نورانی قاعدہ کیسے پڑھائیں؟** مؤلف: قاری ہارون الرشید، ناشر: مدرسہ دارالتجوید الرشیدیہ، 612/5 فرنیئر کالونی، سائٹ کراچی، صفحات: 80، قیمت: درج نہیں

قرآن مجید کو درست تلفظ اور عربی لہجے میں مخارج کی صحیح ادائیگی کے ساتھ سکھانے کے لیے برصغیر ہندوپاک کی تقریباً تمام مساجد ومدارس میں ابتداً بچوں کو نورانی قاعدہ ذہن نشین کرایا جاتا ہے۔ قاری ہارون الرشید قرأت وتجوید کی تعلیم کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، زیر تبصرہ رسالے میں انہوں نے اساتذہ کی رہنمائی اور سہولت کے لیے نورانی قاعدہ کی عمدہ تشریح کی ہے۔ جس میں تجوید کی تقریباً تمام اصطلاحات کا تعارف بھی آسان لفظوں میں کیا گیا ہے۔ رسالے کی طباعت عمدہ اور کاغذ درمیانے درجے کا ہے۔



© rasailojaraid.com